**پریس ریلیز**

**ریزرو بینک آف انڈیا**

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

29 اکتوبر 2019

## ریزرو بینک آف انڈیا نے ’’جنتا سہکاری بینک لمیٹیڈ، پونہ‘‘ پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک آف انڈیا نے اپنے 16 اکتوبر 2019 کے آرڈر سے ’’جنتا سہکاری بینک لمیٹیڈ، پونہ (بینک) پر ایک کروڑ روپیہ (Rs.1,00,000,00/-) کا مالیاتی جرمانہ آر بی آئی کی آمدنی پہچان اور اثاثہ درجہ بندی، ایڈوانس اور ایکسپوزر نارمس کے مینجمنٹ اور اسٹیچوٹری/ دیگر پابندیوں سے متعلق ہدایات پر عدم تعمیل کی وجہ سے عائد کیا ہے۔ یہ جرمانہ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (C)(I)47A کے پراویزنس جن کو سیکشن (I)(4)46 اور سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے آر بی آئی کی مندرجہ بالا ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔ یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیل میں کمی کی بنیاد پر کی گئی ہے۔ اس کا مقصد بینک اور صارفین کے مابین ٹرانزیکشن سے متعلق سمجھوتہ کی ویلیڈیٹی پر انگلی اُٹھانا نہیں ہے۔

پس منظر:

اس بینک کے اسٹیچوٹری انسپکشن جو کہ 31 مارچ 2018 کو اس کی مالیاتی حیثیت کے حوالہ سے کیا گیا تھا، میں یہ انکشاف ہوا کہ بینک نے آر بی آئی کے ذریعہ آمدنی پہچان اور اثاثہ درجہ بندی، ایڈوانسز کا مینجمنٹ، ایکسپوزر نارمس و اسٹیچوٹری/ دیگر پابندیوں سے متعلق ہدایات نیز اے ٹی ایم کم ڈیبٹ کارڈس کے اجراء کی ہدایات کی تعمیل نہیں کی گئی ہے۔ انسپکشن رپورٹ کی بنیاد پر اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا اور پوچھا گیا تھا کہ کیوں نا مندرجہ بالا ہدایات کی عدم تعمیل کی وجہ سے اس پر جرمانہ عائد کر دیا جائے۔ اس بینک کے جواب اور ذاتی سماعت پر کی گئی وضاحت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ اس بینک پر آر بی آئی کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کے الزام صحیح ہیں اور اس پر مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

**یوگیش دیال**
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 1049/2019-2020